## واشنگٹن میں ڈاکٹر فاروق ستار کی رچرڈ ہالبروک اور ڈیوڈ لپٹن سے ملاقاتیں

## پاکستان کو درپیش مسائل کے حل کے پاکستانی مصنوعات کی امریکی منڈیوں تک رسائی اشد ضرورت ہے، ڈاکٹر فاروق ستار

## پاکستان کے موجودہ مسائل کا حل صرف اور صرف متوسط طبقے کی حکمرانی میں مضمر ہے، رچرڈ ہالبروک

واشنگٹن۔۔۔3، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی ڈاکٹر فاروق ستار نے واشنگٹن میں امریکی وزارت خارجہ کے خصوصی نمائندے برائے افغانستان اور پاکستان رچرڈ ہالبروک (Richard Holbrook)، امریکی صدر کے معاون خصوصی ڈیوڈ لپٹن (David Lipton) اور وزارت خارجہ کے دیگر اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں کیں۔ اس موقع پر ایم کیوایم امریکہ اور کینیڈا کے نگراں عباد رحمان بھی انکے ہمراہ تھے۔ رچرڈ ہالبروک نے ایم کیوایم کے وفد کا استقبال کیا۔ رچرڈ ہالبروک سے ون ٹو ون ملاقات ایک گھنٹہ تک جاری رہی جس کے دوران پاکستان کی موجودہ سیاسی ومعاشی صورتحال، پاکستان کی سلامتی کو درپیش داخلی وخارجی خطرات، پانی وبجلی کے بحران سمیت دیگر مسائل، پاکستان میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کیلئے ایم کیوایم کی جدوجہد اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے رچرڈ ہالبروک سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور اس کے عوام کو درپیش تمام مسائل کے حل کے سلسلے میں امریکی تعاون کے ساتھ ساتھ امریکہ میں پاکستانی تجارت کو فروغ دینے اور پاکستانی مصنوعات کی امریکی منڈیوں تک رسائی دینے کی اشد ضرورت ہے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے رچرڈ ہالبروک اور وزارت خارجہ کے دوسرے ذمہ داران کو امریکہ میں مقیم پاکستانیوں کی افادیت سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ ایک جانب امریکی نژاد پاکستانی امریکی معیشت میں اپنا کردار پوری ذمہ داری کے ساتھ ادا کررہے ہیں اور دوسری جانب وہ پاکستان کی معیشت کو مضبوط کرنے کیلئے بھی ہرممکن تعاون کررہے ہیں۔ رچرڈ ہالبروک اور وزارت خارجہ کے دوسرے حکام نے ایم کیوایم کے مڈل آرڈر کی حکمرانی کے فلسفے سے مکمل اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے موجودہ مسائل کا حل صرف اور صرف متوسط طبقے کی حکمرانی میں مضمر ہے۔

دریں اثناء ڈاکٹر فاروق ستار نے امریکی صدر کے معاون خصوصی ڈیوڈ لپٹن اور وزارت خارجہ کے دیگر اعلیٰ حکام سے بھی ملاقاتیں کیں۔ ان ملاقاتوں میں پاکستان کی مجموعی سیاسی ومعاشی صورتحال اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو درپیش معاشی بحران سے نکالنے کیلئے امریکہ کو بھرپور کردار ادا کرنا چاہئے۔

☆☆☆☆☆